U.S. Department of Education
*Office for Civil Rights*

# حقائق نامہ:
# مشترکہ نسبی یا نسلی خصوصیات کی بنیاد پر طلبہ کو امتیازی سلوک سے تحفظ کی فراہمی

U.S. Department of Education’s Office for Civil Rights (ریاستہائے متحدہ امریکہ کے وزارت تعلیم کا دفتر برائے شہری حقوق (OCR) کے Civil Rights Act of 1964 شہری حقوق کے قانون کے Title VI (ٹائٹل VI) کو نافذ کرتا ہے، جو کہ وزارت سے کسی بھی پروگرام یا کارکردگی میں مالی امداد وصول کرنے والے تمام طلبہ کو قومیت، رنگ یا نسل کی بنا پر کسی بھی قسم کے امتیازی سلوک سے بچاتا ہے۔ یہ حقائق نامہ ایسے تمام طلبہ کو اُن طریقوں کی وضاحت پیش کرتا ہے جنہیں یہودی، عیسائی، مسلمان، سکھ، ہندو، بدھ مت کے پیروکار، یا کسی بھی دیگر مذہبی گروہ کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔

## نسلی امتیاز سے Title VI (ٹائٹل VI) کا تحفظ:

**1** ٹائٹل VI ایسے طلبہ کو تحفظ فراہم کرتا ہے جنھیں نسلی، رنگت،یا قومیت کی بنیاد پرامتیازی سلوک، بشمول حقیقی یا گمانی ہراسگی کا تجربہ ہوا ہو:(i) مشترکہ نسب یا نسلی خصوصیات؛ یا (ii) شہریت یا کسی ایسے ملک کا رہائشی ہونا جہاں کسی ایک مذہب کا غلبہ ہے یا الگ مذہبی شناخت ہے۔ مزید معلومات کیلئے ، برائے مہربانی سول رائٹس (OCR) 2017 کے کا "اپنے حقوق جانئے" دیکیھیں: Title VI (ٹائٹلVI) اورمذہب کا حقائق نامہ.

**2** Title VI (ٹائٹل VI) کسی بھی مذہب کے طلبہ کے خلاف نسل، رنگ، یا قومیت کی بنیاد پر امتیاز سے تحفظ دیتا ہے۔ مثلاً ایسے طالب علم جو یہودی، عیسائی، مسلمان، سکھ، ہندو، بدھ مت کے پیروکار ہیں۔ اس نوعیت کے امتیازی سلوک میں یہ مثالیں شامل ہیں:

- نسل، قومیتی شناخت، یا حسب نسب سے متعلق بُرے کلمات، یا روایتی دقیانوسیات۔
- ایک طالب علم کا حلیہ،بشمول جسمانی رنگت،جسمانی خدوخال،یا لباس پہننے کا طریقہ جس سے نسلی اور مذہبی روایات جھلکتی ہوں؛ اور۔
- غیر مقامی لب و لہجہ؛ غیر مقامی نام،بشمول ایسے نام جو عمومی طور پر نسلی و حسبی خصوصیات سے منسلک ہیں؛ یا غیر ملکی زبان میں گفتگو۔

**3** کیونکہ Title VI (ٹائٹل VI) طالب علموں کو صرف مذہب کی بنیاد پر ہی امتیازی سلوک سے تحفظ ہی نہیں فراہم کرتا، جیسا کہ سکول کی طرف سے طالب علم مذہبی چھٹی کی درخواست کو رد کرنا، بلکہ دفتر برائے سول رائٹس (OCR) خالصتاً مذہبی بنیادوں پر امتیازی سلوک کی شکایات کو U.S. Department of Justice (DOJ) (ریاستہائے متحدہ امریکہ کے محکمہ انصاف) برائے کارروائی ارسال کرتا ہے، جسے اس قسم کے معاملات کو دیکھنے کا قانونی اختیار حاصل ہے۔

**U.S. Department of Education**
***Office for Civil Rights***

## حقائق اور حالات و واقعات
## میں اضافہ کر نے والی مثالوں کے خدشات (VI ٹائٹل) Title VI کے تناظر میں ممکنہ طور پر میں یہ شامل ہیں:

- مثلاً یہ کہ مڈل سکول کا ایک یہودی طالب علم ٹیچر کو رپورٹ کرتا ہے کہ وہ سکول میں اپنے آپ کو غیر محفوظ محسوس کرتا ہے کیونکہ ہم جماعت اسکے بستے پر باقاعدگی سے نازیوں کے نشان (swastikas) کے ہمراہ تحریریں چھوڑتے ہیں، نازیوں کے مخصوص سلیوٹ کرتے ہیں ، اور ہالوکاسٹ کے بارے مذاق اڑاتے ہیں- ٹیچر طالب علم کو نصیحت کرتی ہے کہ وہ "اسے نظر انداز کر دے" اور ہراسانی کے حل کیلئے کوئی اقدام نہیں اٹھاتی۔
- طالب علم ہم جماعتوں کے سکھ ازم، اسلام،اور جنوبی ایشا میں دیگر روایات سے متعلق تاریخ و ثقافت کے اسباق کے دوران فقرے کسنے کے بارے اپنی تشویش کا اظہار کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر مسلمان طلبہ بیان کرتے ہیں کہ انکے ہم جماعتوں کی طرف سے انہیں کہا گیا کہ " تم نے 9/11 کا آغاز کیا" اور انہیں "دہشت گرد" کہا گیا۔ مبینہ طور پر سکول نے ان رپوٹس پر موثر اقدام نہیں اٹھایا۔
- سکھ طلبہ جو پگڑی پہنتے ہیں انہیں باقاعدگی سے سکول میں " پگڑی والا " اور دوسرے نام لے کر پکارا جاتا ہے، اور ایک طالب علم سکھ طلبہ کے سر سے پگڑی اتار نے کی باقاعدہ کوشش کرتا ہے۔ طلبہ یہ رپورٹ کرتے ہیں کہ سکول ڈسٹرکٹ اس قسم کی رپورٹس کا سد باب کرنے کے لیۓ نہ تو ان رپورٹس کا اندارج کرتا ہے اور نہ ہی موثر اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔

## مشترکہ نسلی یا حسبی خصوصیات کی بنیاد پر ہونے والے امتیازی سلوک کا متاثرہ فرد کیا کرسکتا ہے؟

جس کسی کو بھی یہ یقین ہے کہ سکول نے نسل، رنگت، یا قومیت کی بنیاد پرطالب علم سے امتیازی سلوک روا رکھا ہے، وہ مبینہ امتیازی سلوک بارے شکایت 180 دنوں میں دفتر برائے سول رائٹس (OCR) کے پاس درج کروا سکتا ہے۔ شکایت کے اندارج کیلئے یہ ویب سائٹ وزٹ کریں: https://www2.ed.gov/about/offices/list/ocr/complaintintro.html

## مزید ریسورسز

**مزید معلومات** سول رائٹس (OCR) کے Title VI (ٹائٹل VI) "مشترکہ نسلی وحسبی خصوصیات کی بنیاد پر امتیازی سلوک” کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں: www.ed.gov/ocr/sharedancestry.html. اگر آپ کا کوئی سوال ہے یا تکنیکی اعانت درکار ہے، تو برائے مہربانی اپنی سٹیٹ یا علاقٙائی دفتر برائے سول رائٹس (OCR) جہاں مبینہ امتیازی سلوک کا وقعہ پیش آیا ہے، سے رابطہ کریں۔ جس کے لیۓاس ویب سائٹ پرجائیں: https://ocrcas.ed.gov/contact-ocr. آپ اس نمبر کر سکتے ہیں بھی پر رابطہ. ocr@ed.gov یا 421-3481 (800)

مفت میں اپنی زبان کے کے ترجمے کی خدمات یا ریسورسز، جن میں عوامی طور پر دستیاب OCR دستاویزات، زبانی تکنیکی معاونت یا تحریری ترجمہ شامل ہو سکتا ہے،ہم سے رابطہ کریں 1-800-421-3481 (TDD: 1-800-877-8339 یا ای میل کریں ocr@ed.gov. محکمہ کی زبانی یا تحریری خدمات کے بارے میں مزید جاننے کیلئے اس نمبر پر رابطہ کریں 1-800-USA-LEARN (1-800-872-5327) (TTY: 1-800-437-0833) یا ای میل کریں Ed.Language.Assistance@ed.gov. دیگر فارمیٹ میں دستاویزات مثلا بینائی سے محروم افراد کیلئے بریل یا بڑے حروف والی دستاویزات کیلئے ادارے کو اس نمبر پر کال کریں 202-260-0852 یا ای میل کریں om_eeos@ed.gov.

برائے مہربانی نوٹ کیجئے کہ اس ریسورس کے پاس قانون کے نفاذ کی طاقت یا اثر نہیں ہے۔ دفتر برائے سول رائٹس (OCR) کے Title VI (ٹائٹل VI) کا نفاذ Title VI (ٹائٹلVI) اور نافذ ہونے والے اصول و ضوابط سے اخذ ہوتا ہے۔